خبروں کا اعلامیہ

البرٹا میں ثقافت کو منانا

01 ستمبر، 2023 میڈیا انکوائریز

1 ستمبر سے البرٹا میں ثقافتی دن (Culture Days) شروع ہو رہے ہیں، جو کہ فن(آرٹ)، موسیقی، خوراک، رقص اور بہت کچھ کا ایک مہینے تک کی مدت کا جشن ہے۔

2023 کا سال البرٹا کلچر ڈیز(Alberta Culture Days) کی 15 سالہ سالگرہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ پورے ستمبر کے دوران البرٹنز صوبے کی بھرپور اور متحرک ثقافت کو منانے کے لیے صوبے بھر میں متعدد مقامات کا دورہ کر سکتے ہیں۔ فنکار، ثقافتی گروہ،مصنف، رقاص، فلم ساز اور موسیقار اپنے کام کی نمائش کریں گے، جو، البرٹا کی بھرپور ثقافتی کُلکاری (کلچرل ٹیپسٹری) کے بننے کا ایک لازمی حصہ ہے۔

" اس سال کی البرٹا کلچر ڈیز(Alberta Culture Days) کی تقریب البرٹا کے فن اور ثقافت کے خوشگوار تاثرات منا رہی ہے۔ میں البرٹننز کی حوصلہ افضائی کرتی ہوں کہ وہ اس ستمبر کو صوبے کی متنوع، بھرپور، سماجی اور ثقافتی کُلکاری (کلچرل ٹیپیسٹری) کو منائیں۔"

ٹانیہ فر، منسٹر آف آرٹس، کلچر اینڈ اسٹیٹس آف ویمن (Tanya Fir, Minister of Arts, Culture and Status of Women)

البرٹا نے 2019 میں فنکاروں کو منانے کے لیے ایک پورا مہینہ وقف کیا اور اب بھی وہ ایسا کرنے والا واحد صوبہ ہے۔

البرٹا کلچر ڈیز(Alberta Culture Days) کی عطیات نے ہمیں البرٹنز کے ساتھ عمیق فنون (immersive arts) کے تجربات کو مفت شیئر کرنے کا موقع دیا۔ اس سال کے سمفنی ان دا اسکوائر (Symphony in the Square) میں البرٹنز موسیقی کی ان پرانی یادوں کا تجربہ کریں گے، جن کے ساتھ وہ بڑے ہوئے ہیں، اور ہم اس تقریب کے ذریعے شروع ہونے والے فن اور ثقافت کے مہیے بھر کا جشن منانے کے لیے بہت خوش ہیں۔"

این مری لینہاؤٹس-پیٹرو و، پریسیڈنٹ اینڈ سی ای او، فرانسس ونسپیئر سینٹر فار میوزک/ایڈمنٹن سمفنی آرکیسٹرا
(Annemarie Leenhouts-Petrov, president & CEO, Francis Winspear Centre for Music/ Edmonton Symphony Orchestra)

منسٹری آف آرٹس، کلچر اینڈ اسٹیٹس آف ویمن (Ministry of Arts, Culture and Status of Women) نے البرٹا کلچر ڈیز(Alberta Culture Days) کی تقریبات کی میزبانی کے لیے صوبے بھر کی تنظیموں کو 115 اوارڈز سے

نوازا۔ پانچ نمایاں خصوصیات کو منانے کی جگہوں (feature celebration sites) کو مفت، خاندانی طور پر دوستانہ انداز کی تقریبات کی میزبانی کے لیے، جو تین دن تک کی مدت کے لیے منعقد ہوں گی، فنڈز موصول ہوئے۔

اس سال کی نمایاں خصوصیات کو منانے کی جگہیں (feature celebration sites) ہیں:

- آرٹس کاؤنسل وُڈ بفیلو (Arts Council Wood Buffalo)
- ایڈمنٹن مووی کلب (Edmonton Movie Club)
- ہسپینک آرٹز سوسائٹی (Hispanic Arts Society)
- دا بیلی تھیٹر سوسائٹی (The Bailey Theatre Society)
- دا کینیڈین ماؤنٹین آرٹز فاؤنڈیشن (آرٹزپلیس کے طور پر کام کرنے والا (The Canadian Mountain Arts Foundation (operating as artsPlace)

فوری حقائق

- اس سال صوبے بھر میں تقریبات کے ریکارڈ 115 مقامات کو منصوبہ بندی اور ہم آہنگی میں مدد کے لیے البرٹا کی حکومت نے 374,000 ڈالر فراہم کیے۔
- کلچر ڈیز(Culture Days) کی تمام تقریبات مفت ہیں اور عوام کے لیے کھلی ہیں۔
- البرٹا کی حکومت نے سرگرمیوں اور تقریبات کی میزبانی کے لیے کل 74 میزبان (دو روز کی تقریبات) اور 36 پاپ اپ (pop up) (ایک روزکی تقریب) جشن کی جگہوں (سیلیبریشن سائٹس) کو بھی فنڈ فراہم کیے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا کلچر ڈیز(Alberta Culture Days)
- کلچر ڈیزکا کیلنڈر(Culture Days calender)
- فنکار کا مہینہ (Month of the Artist)